TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے 15 فیصد بونس حصص کے کریڈٹ اور ترسیل کا نوٹس

ہم انتہائی مسرت کے ساتھ اپنے حصص یافتگان کو مطلع کرتے ہیں کہ ہر 100 عمومی حصص پر 15 عمومی حصص کے تناسب سے یعنی 15 فیصد کے حساب سے -/10 روپے فی حصص کے بونس حصص، جن کی منظوری بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس 12 اگست، 2022ء میں دی تھی، ان حصص یافتگان کے ذیلی اکاؤنٹس میں بروز پیر 10 اکتوبر، 2022ء کو براہ راست کریڈٹ کردیئے گئے ہیں جن کے حصص سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) میں بک انٹری کی شکل میں ہیں۔ مزید برآں، فزیکل شیئرز رکھنے والے حصص یافتگان کو بونس شیئر سرٹیفکیٹ 20 اکتوبر، 2022 کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر بھیج دیا گیا ہے۔

عدم وصولی کی صورت میں، براہ کرم ہمارے شیئر رجسٹرار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، واقع پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل اسٹریٹ-۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی - ۷۵۵۰۰، فون: 322-000-111 (21-92)، فیکس: 35310191 (21-92)، ای میل: sfc@/thk.com.pk سے رابطہ کریں۔

نوٹ:

وہ حصص یافتگان جنہوں نے اپنے درست/اپ ڈیٹ شدہ CNICs اور خط وکتابت کے پتے فراہم نہیں کیے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے CNIC نمبر اور پتے کو ہمارے شیئر زرجسٹرار کے ریکارڈ میں اپنے درست CNIC کی مؤثر کاپی فراہم کرکے اپ ڈیٹ کریں۔

مزید برآں، فزیکل شیئرز رکھنے والے تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی درست تفصیلات اپنے مؤثر CNIC کی کاپی کے ساتھ ''ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم'' میں فراہم کریں، جو کمپنی کی ویب سائٹ https://www.pakistancables.com/media/21207/update-of-iban-no-for-e-dividend-urdu.pdf پر دستیاب ہے۔ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) میں شیئرز رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے اکاؤنٹ کی درست معلومات جلد از جلد متعلقہ پارٹیسپنٹ/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو براہ راست مہیا کریں۔

نتاشا محمد
قانونی امور کی سربراہ اور کمپنی سیکریٹری

کراچی: 20 اکتوبر، 2022ء